سرخیاں

(۱) مرکزی وزیر و تلنگانہ بی جے پی صدر کشن ریڈی نے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ لوک سبھا انتخابات میں حیدرآباد میں رائے دہی کے تناسب میں اضافہ ہوگا۔

(۲) سابق وزیر پدما راؤ گوڑ، حلقہ سکندرآباد سے بی آر ایس امیدوار کے طور پر بی جے پی کے کشن ریڈی اور کانگریس کے ناگیندر سے مقابلہ کریں گے۔

(۳) دہلی ہائی کورٹ نے بی آر ایس ایم ایل سی کویتا کی ای ڈی تحویل میں مزید تین دن کی توسیع دی ہے۔

(۴) آج شب عوام ساڑھے آٹھ بجے ارتھ آور منانے کے لئے تیار ہیں۔

اور

(۵) محکمہ موسمیات نے انتباہ دیا ہے کہ ریاست میں کل سے درجہ حرارت میں اضافہ درج کیا جائے گا۔

☆☆☆

حلقہ لوک سبھا چیوڑلہ میں 2019ء کے الیکشن کے فاتح اور شکست خوردہ دونوں امیدوار اِس مرتبہ مختلف پارٹیوں سے مقابلہ کریں گے۔ موجودہ ایم پی رنجیت ریڈی کانگریس کے امیدوار ہوں گے، کیونکہ بی آر ایس نے انہیں ٹکٹ نہیں دیا ہے۔ وہ بی جے پی کے ویشویشور ریڈی سے مقابلہ کریں گے، جبکہ اِس حلقہ میں بی آر ایس کے گنانیشور مدیراج تیسرے امیدوار ہوں گے جو تلگو دیشم پارٹی کے ریاستی صدر کی حیثیت سے مستعفی ہوئے اور گزشتہ سال بی آر ایس میں شمولیت اختیار کی۔

☆☆☆

سپریم کورٹ نے دستور کے تحت بنیادی حقوق پر غور کئے بغیر بار بار پی ڈی ایکٹ لگائے جانے کے عمل پر تلنگانہ حکومت اور پولیس کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ سپریم کورٹ کی ایک بنچ نے اِس ماہ کی 21 تاریخ کو ایک معاملہ کی سماعت کی جو چین کھینچے جانے والی واردات سے متعلق تھا۔ اِس معاملہ میں ملازم پر پی ڈی ایکٹ لگایا گیا تھا۔ اپیکس عدالت نے اِس سلسلہ میں عہدیداروں کو انتباہ دیا ہے۔

☆☆☆

دہلی کی روس ایونیو عدالت نے بی آر ایس لیڈر کویتا کی ای ڈی تحویل میں 26 مارچ تک کے لئے مزید توسیع دی ہے۔ سی بی آئی کے خصوصی جج کاویری باویجا نے اُس وقت یہ ہدایت دی جب کویتا کو عدالت میں پیش کیا گیا۔ مرکزی ایجنسی نے عدالت سے خواہش کی تھی کہ کویتا کو مزید پانچ دن کی تحویل میں رکھنے کی اجازت دی جائے۔ واضح رہے کہ ایک دن قبل ہی سپریم کورٹ نے ضمانت سے متعلق کویتا کی درخواست مسترد کر دی تھی۔

اسی دوران ای ڈی کے عہدیداروں نے آج کویتا کے ایک قریبی رشتہ دار اکھیلا کی رہائش گاہ کی تلاشی لی۔ یہ کارروائی، دہلی شراب اسکام معاملہ کے تحت جاری تحقیقات کے سلسلہ میں کی گئی۔ اِس کے علاوہ ای ڈی کے عہدیداروں نے کویتا کے دیگر رشتہ داروں کے مکانات کی بھی تلاشی لی۔

☆☆☆

ضلع کاماریڈی کے لنگم پیٹ منڈل کے موقع پوتیا پلی میں پانی کی بچت سے متعلق ایک شعور بیداری پروگرام منعقد کیا گیا۔ اِس موقع پر ڈسٹرکٹ گراؤنڈ واٹر آفیسر ستیش یادو نے تجویز پیش کی کہ مواضعات میں مختلف مقامات پر گڑھے کھودے جانے چاہئے تا کہ بارش کا پانی ضائع نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ زیر زمین آبی سطح میں اضافہ کے لئے بھی مختلف اقدامات کرنے ہوں گے۔

☆☆☆

کاماریڈی ضلع کلکٹر جتیش پاٹل نے کہا ہے کہ یکم اپریل تک 18 برس مکمل کرنے والے نوجوانوں کے نام ووٹر لسٹ میں شامل کرانے کے لئے سوئپ پروگراموں کا انعقاد عمل میں لایا جانا چاہئے۔ کاماریڈی میں سوئپ کور کمیٹی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کلکٹر نے کہا کہ ضلع میں 18 سے 19 سال کی عمر کے نواجوانوں کی جانب سے ووٹر لسٹ میں مزید 3 فیصد نام درج کرائے جانے کی گنجائش ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سلسلہ میں شعور بیداری جگانی ہوگی۔

☆☆☆

ضلع ورنگل میں عہدیداروں کی جانب سے ایسے افراد کے خلاف کیسس درج کئے جارہے ہیں، جنہوں نے 23-2022ء کے موسم برسات کے دوران ایف سی آئی اور سی ایس سی کو چاول روانہ نہیں کئے۔ ڈسٹرکٹ سیول سپلائز کارپوریشن کی منیجر سندھیارانی نے کہا کہ اِس سلسلہ میں سنگم منڈل، مہالکشمی بنی رائس ملز، گورے کونٹہ جیا انڈسٹریز، گن پتی رائس ملز اور نرسم پیٹ ویربھدرا ماڈرن رائس ملز کے خلاف کارروائی کی جارہی ہے۔

☆☆☆

کھمم ضلع الیکشن آفیسر وکلکٹر وی پی گوتم نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ لوک سبھا انتخابات کے عمل کے دوران انتخابی ضابطہ اخلاق کو سختی سے نافذ کرنے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے عہدیداروں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پرچہ جات نامزدگیوں کی تنقیح کے دوران مکمل چوکسی اختیار کی جائے۔ اِس بات کا بھی خیال رکھا جائے کہ پولنگ مراکز پر تمام تر سہولتیں موجود ہوں۔

☆☆☆

پاورلون ٹکسٹائل صنعت میں بحران کے سبب ضلع راجنا سرسلہ کے بافندوں کو ملازمت کے لئے تنگلا پلی منڈل میں واقع ٹکسٹائل پارک جانے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ ضلع ٹکسٹائل محکمہ کے اے ڈی ساگر نے کہا کہ بدن پلی ٹکسٹائل پارک میں ملازمت کے مواقع فراہم کئے جائیں گے۔ کیونکہ اِس یونٹ کو حکومت کی جانب سے اسکول یونیفارمس کی تیاری کے لئے آرڈر ملا ہے۔

☆☆☆

نلگنڈہ ضلع کے ایف ڈی او سرویشورا نے کہا ہے کہ موسم گرما کے دوران نلاملا کے جنگلات میں آگ کے واقعات سے بچنے کے لئے محکمہ جنگلات کی جانب سے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے چٹیال، دیورکنڈہ اور دیگر مقامات پر جنگلات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے کسانوں کو مشورہ دیا کہ جنگلات میں داخل نہ ہوں۔

☆☆☆

سدی پیٹ کے ضلع کلکٹر مانو چودھری نے ووٹرلسٹ میں ناموں کی شمولیت سے متعلق مہم کے حصہ کے طور پر آج صبح گورنمنٹ ڈگری کالج میں 5k Run کو جھنڈی دکھائی۔ کلکٹر نے 18 برس مکمل کر لینے والے طلبہ سے کہا کہ ووٹرلسٹ میں اپنے نام درج کروائیں اور مجوزہ عام انتخابات کے دوران حق رائے دہی سے استفادہ کریں۔

☆☆☆

مرکزی وزیر و تلنگانہ بی جے پی صدر کشن ریڈی نے آج اِس بات پر تشویش کا اظہار کیا ہے کہ مختلف علاقوں بالخصوص شہر حیدرآباد میں رائے دہی کا تناسب کم درج کیا جا رہا ہے۔ حیدرآباد میں محض 40 فیصد رائے دہی درج کی گئی تھی۔ کشن ریڈی نے لوک سبھا انتخابات کے تحت 13 مئی کو ہونے والی رائے دہی کے عمل میں زیادہ سے زیادہ حصہ لینے کی ضرورت پر زور دیا۔ آج حلقہ سکندرآباد کے دورہ کے موقع پر انہوں نے کہا کہ ووٹنگ صرف کسی کا حق نہیں ہے، بلکہ ذمہ داری بھی ہے۔ کشن ریڈی نے رائے دہندوں پر زور دیا کہ سابقہ کانگریس حکومت اور موجودہ نریندر مودی حکومت کے درمیان فرق کو پہچانے۔

☆☆☆

بی آر ایس کے صدر چندر شیکھر راؤ نے لوک سبھا انتخابات کے لئے حلقہ سکندرآباد سے سابق وزیر پدما راؤ گوڑ کو پارٹی امیدوار بنائے جانے کا اعلان کیا ہے۔ پدما راؤ گوڑ اس وقت حلقہ سکندرآباد سے بی آر ایس پارٹی کے ایم ایل اے ہیں۔ انہوں نے 2014ء تا 2018ء کے دوران کے سی آر کی کابینہ میں ایکسائز، اسپورٹس اور یوتھ سروسیس کے وزیر کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔ اس کے علاوہ وہ اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر بھی رہیں۔ بی جے پی نے سکندرآباد سے پارٹی کے ریاستی صدر و مرکزی وزیر کشن ریڈی کو دوبارہ امیدوار بنایا ہے، جبکہ کانگریس نے سکندرآباد ڈی ناگیندر کو ٹکٹ دیا ہے جو حال ہی میں بی آر ایس سے سبکدوش ہو چکے ہیں۔

☆☆☆

ایر ٹریفک کنٹرول آفیسرس ٹریننگ اسٹابلشمنٹ سنٹر حیدرآباد میں آج گریجویشن پروگرام منعقد ہوا۔ یہ ادارہ، ایرفورس اکیڈیمی حیدرآباد کا ایک پریمیر ٹریننگ مرکز ہے۔ ایر وائس مارشل ڈی ایس جوشی، کمانڈنگ ایرفورس اکیڈیمی نے ریویوئنگ آفیسر کی حیثیت سے شرکت کی۔ انہوں نے گریجویشن مکمل کرنے والے امیدواروں کو مبارکباد دی۔

☆☆☆

حیدرآباد آج شب ’’ارتھ آور‘‘ منانے کے لئے تیار ہے۔ جیسا کہ تاریخی یادگاروں پر روشنیاں بند کر دی جائیں گی۔ یہ پروگرام تلنگانہ بھر میں سرکاری دفاتر اور اداروں میں منایا جائے گا۔ جہاں ساڑھے آٹھ بجے شب ایک گھنٹے کے لئے برقی بند کر دی جائے گی۔ ارتھ آور کو ورلڈ وائیڈ فنڈ نے شروع کیا ہے جو ہر سال 23 مارچ کو منایا جاتا ہے۔

☆☆☆

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات کے مرکز نے انتباہ دیا ہے کہ ریاست بھر میں کل سے درجہ حرارت میں کافی اضافہ ہوسکتا ہے۔ امکان ہے کہ آئندہ 5 دن کے دوران درجہ حرارت دو تا تین ڈگری زائد رہے گا۔ عہدیداروں نے عوام کو آئندہ چند دنوں کے دوران چوکس رہنے کا انتباہ دیا ہے۔

☆☆☆

ورنگل ڈسٹرکٹ میڈیکل اینڈ ہیلتھ ڈپارٹمنٹ کی جانب سے عالمی یوم ٹی بی کے موقع پر آج ایک پروگرام منعقد کیا گیا۔ضلع میڈیکل آفیسر ڈاکٹر وینکٹ رمنا نے کہا کہ ضلع ورنگل کو سال 2025ء تک ٹی بی سے پاک بنایا جانا چاہئے۔

☆☆☆

کریم نگر ضلع کلکٹر پامیلا ستاپتی نے زرعی عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ ضلع میں حالیہ ہوئی غیر موسمی بارش کے نقصانات کی تفصیلات جمع کی جائیں۔ضلع کلکٹر نے مختلف مواضعات میں تباہ فصلوں کا معائنہ کیا۔انہوں نے واضح کیا کہ فصلوں کی تفصیلات جس قدر جلد ممکن ہو جمع کی جائیں اور رپورٹ پیش کی جائے تا کہ متاثرہ کسانوں کو مدد فراہم کی جاسکے۔